نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام یونیورسٹی آف سرگودھا میں منعقدہ ایگریکلچر شو 2022 کا آج افتتاح کریں گے۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی اورسیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی بھی شرکت کریں گے۔

اس نمائش کے انعقاد سے برآمد کنندگان اور کاشتکاروں کے باہمی رابطہ سے زرعی برآمدات میں اضافہ پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:26فروری2022(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دوروزہ قومی زرعی نمائش 27 فروری کو یونیورسٹی آف سرگودہا میں منعقد ہوگی جس کا افتتاح وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام کریں گے۔نمائش میں صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی اورسیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی بھی خصوصی شرکت کریں گے۔ضلع سرگودھا میں اپنی نوعیت کا یہ ایک میگا ایونٹ ہوگا جس میں ہائی ویلیو ایگریکلچر کے درآمد و برآمد کنندگان، کاشتکاروں و دیگر اسٹیک ہولڈرز کی کثیر تعداد شریک ہوگی۔ترجمان نے مزید بتایا کہ زرعی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ کیلئے عالمی سطح پر بڑی منڈیوں تک رسائی کے لئے کوششیں جاری ہیں اور یہ زرعی نمائش ان کاوشوں کا ایک سلسلہ ہے۔نمائش میں مقامی وملکی زرعی مصنوعات'انڈسٹری' زرعی مشینری' پھل اور سبزیوں کے سٹال لگائے جائیں گے۔قومی وعلاقائی سیاحت وثقافت کوفروغ دینے کیلئے دستاویزی فلموں کی نمائش کی جائیگی۔انہوں نے بتایا کہ 27 فروری بروز اتوار رات کومحفل سماع وصوفیانہ کلام بھی منعقد ہوگی جس میں یونیورسٹی آف سرگودھا کے طلبہ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرینگے۔28 فروری بروز سوموار شام ساڑھے چار بجے اختتامی تقریب منعقد ہوگی جس کیلئے مشیر وزیر اعظم پاکستان برائے تجارت' ٹیکسٹائل' انڈسٹریز و پیداوار اور سرمایہ کاری عبدالرزاق داد کو مدعو کیا گیا ہے۔ترجمان نے توقع کا اظہار کیا کہ نمائش سے کسان' زمیندار زرعی انڈسٹری سے منسلک' صنعت کار اور برآمد کنندگان استفادہ کریں گے۔

☆☆☆☆☆